

خواجہ سید محمد حیات علی شاہ ہمدانی سیالوی رحمۃ اللہ علیہ علاول شریف چکوال

پیدائش

آپ کی ولادت باسعادت تخمیناً 1248ھ بمطابق 1832ء کو نارنگ ضلع چکوال میں سید باغ علی شاہ ہمدانی کے گھر ہوئی جو علم و فقر میں بلند مقام رکھتے تھے۔

نسب و خاندان

آپ کا نسبی تعلق سادات حسینی ہمدانی سے ہے۔ آپ کے آباؤاجداد بزرگی کے لحاظ سے علاقہ میں کافی شہرت رکھتے تھے۔ آپ کا سلسلۂ نسب کچھ یوں ہے۔

سید حیات علی شاہ بن سید باغ علی بن سید نواز بن سید گولے شاہ بن سید ولی بن سید محمود بن سید حاجی امین بن سخی شاہ اسحاق نوری بن سید احمد (سلطان بلاول نوری) بن سید اسماعیل بن سید زبیر بن سید نور اللہ بن سید فتح اللہ بن شاہ حسین بن شاہ محمود ہمدانی بن سید جمال الدین حسین بن سید علی (سیاہ

پوش) بن سید احمد کبیر الدین بن سید نور الدین کمال بن سید احمد قتال بن سید میر حسن ہمدانی بن میر سید محمد بن میر سید علی (شاہ ہمدان) بن شہاب الدین بن محمد بن علی بن یوسف بن محمد شرف الدین بن محمد محب اللہ بن جعفر بن عبد اللہ بن محمد بن ابو القاسم علی جلا بادی بن ابو محمد حسن بن ابا عبد اللہ حسین بن جعفر المحجہ بن عبید اللہ الاعرج بن حسین الاصغر بن امام زین العابدین بن حضرت امام حسین بن حضرت علی المرتضی کرم اللہ وجہہ الکریم۔(القمری فی انساب الطالبین صفحہ 560 کا آخر)

آپ رحمۃ اللّٰہ علیہ کے دو بھائی بھی تھے۔ جن کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں۔

1) حضرت خواجہ پیر سید محمد عظیم شاہ ہمدانی رحمۃ اللّٰہ ساکن مہوٹہ موہڑہ ضلع راولپنڈی۔
2) حضرت خواجہ سید غلام علی شاہ ہمدانی رحمۃ اللّٰہ علیہ میرا شریف چکری راولپنڈی۔ آپ حضرت خواجہ سید غلام حیدر علی شاہ جلال پوری رحمۃ اللّٰہ علیہ کے مرید و خلیفہ تھے۔

حصول علم

حضرت خواجہ سید محمد حیات علی شاہ ہمدانی نے قرآن کریم کی تعلیم نارنگ میں اور درس نظامی کی مروجہ تعلیم حضرت مولانا محمد احسن سے میکی ڈھوک ضلع اٹک میں حاصل کی۔ آپ عربی اور فارسی علوم وفنون کے مستند عالم اور باطنی علوم کے جامع تھے۔

بیعت و خلافت

آپ 1275ھ (1858ء) میں سیال شریف حاضر ہوئے اور حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی رحمۃ اللّٰہ علیہ سے بیعت ہو کر ریاضات و مجاہدات کرکے رتبہ خلافت حاصل کیا۔ آپ رحمۃ اللّٰہ علیہ کو اپنے شیخ طریقت سے بے انتہا عشق تھا۔ آپ سیال شریف برہنہ پاؤں حاضری دیتے تھے۔(تحفۃ ابرار جلد دوم صفحہ 149)

حلیہ و لباس

آپ بڑے حسین و جمیل تھے۔ قد دراز، پیشانی کشادہ، ریش مبارک گھنی خوبصورت اور چمکدار نیز مہندی لگاتے تھے۔ آنکھیں موٹی اور خوبصورت تھیں۔ آپ کا لباس شلوار قمیض، لنگی مخملی، کوٹ یا صدری، کلاہ قادری اور دھنی طرز کا جوتا ہوتا تھا۔ ہاتھ مبارک میں عصا رکھتے تھے۔

اخلاق و اطوار

آپ بے شمار خوبیوں اور اوصاف کے مالک تھے۔ پرہیزگار شریعت کے پابند، بے حد سخی، عالی ہمت، شرافت وبزرگی کا مجسمہ، مستجاب الدعوات، ذاکر و شاکر، رحم دل، شفیق، جید عالم، ولی کامل تھے۔

درس و تدریس

آپ نے شیخ کامل کی تقلید میں ایک دینی مدرسہ اور خانقاہ قائم کی جس میں عرصہ دراز تک دینی تعلیم دی جاتی رہی اور ہزارہا لوگوں نے اس مدرسے میں دینی تعلیم اور اسلام علوم حاصل کیے۔
(خواجہ محمد سلیمان تونسوی اور ان کے خلفاء مطبوعہ لاہور صفحہ 306)

کرامات

آپ صاحب کشف و کرامات بزرگ تھے۔ آپ کی بہت سی کرامات مشہور ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ آپ کے خلیفہ مجاز سادات حسنی کے چشم و چراغ حضرت خواجہ پیر سید امام الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ (ساکن میانی ضلع چکوال) کی پہلے حرم سے کوئی اولاد نہیں تھی۔ آپ کے حسب ارشاد پیرانہ سالی میں دوسری شادی کی تو آپ نے فرمایا کہ اللہ رب العزت آپ کو لڑکے سے نوازے گا اور مولود کا نام محمد قمر الدین رکھنا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا آپ نے فرمایا تھا۔ اللہ رب العزت نے سید امام الدین شاہ کو 1922ء میں بیٹے سے نوازا۔(فوزالمقال جلد اول صفحہ 244)
حضرت خواجہ سید محمد حیات شاہ ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی دعاؤں کی برکت سے آپ کی اولاد خوب پھلی پھولی اور آج بھی میانی چکوال میں موجود ہے۔

اولاد

اللہ رب العزت نے آپ کو چار صاحبزادون اور دو صاحبزادیوں سے نوازا۔ صاحبزادون کے اسماء گرامی درج ذیل ہیں۔

1) حضرت خواجہ سید محمد غوث شاہ ہمدانی (آپ کے جانشین اور حضرت ثالث خواجہ محمد ضیاء الدین سیالوی کے خلیفہ مجاز)
2) حضرت خواجہ سید محمد الف شاہ ہمدانی
3) حضرت خواجہ سید غلام حیدر شاہ ہمدانی
4) حضرت خواجہ سید غلام محی الدین شاہ ہمدانی

خلفاء

1) حضرت مولانا فیض علی ساکن مرید ضلع چکوال
2) حضرت چوہدری لعل خان ساکن لطیفال ضلع چکوال
3) حضرت پیر سید امام الدین شاہ ساکن میانی چکوال

وصال و مزار

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا وصال بتاریخ 28 محرم الحرام 1337ھ بمطابق 4 نومبر 1918 بوقت چاشت ہوا۔ آپ کا جنازہ حضرت قاضی غلام نبی چاولی نے پڑھایا۔ آپ کا مزار علاول شریف ضلع چکوال میں مرجع خلائق ہے۔ آپ کا عرس مبارک ہر سال اسلامی تاریخ کے مطابق علاول شریف میں منعقد ہوتا ہے۔